# پاکستان کے لیے دُعا

**اپنے ملک کی ترقی کے لیے ہر روز دُعا کریں**

**اپنے گھرانے کی خوشحالی کے لیے خُدا کا شُکر کریں**



## قوموں کے لیے دُعائیہ نکات

آپ بلاناغہ اپنے ملک کے چاروں صوبوں (سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخواہ)، گلگت بلتستان اور کشمیر کے ریاستی حکمرانوں اور خدمت سرانجام دینے والی منسٹریز اور تنظیموں کو اپنی شخصی و اجتماعی دُعاؤں میں یاد رکھیں۔

### دُعا کریں

- کُھلے دروازوں کے لیے تاکہ انجیل گھر گھر پھیلے (کلسیوں ۴:۲۔۳)
- کُھلے ذہنوں کے لیے تاکہ لوگ انجیل سنیں (اعمال ۲۶:۱۷)
- کُھلے دلوں کے لیے تاکہ لوگ انجیل قبول کریں (۲۔کرنتھیوں ۴:۶)
- کُھلے آسمان کے لیے تاکہ انجیل کی قدرت ظاہر ہو (یسعیاہ ۴۵:۸)


**Every Home for Christ**

0345-2013578, 0345-2013579, 0345-2013580

everyhomepk@gmail.com | everyhomepk

ایوری ہوم فار کرائسٹ ایک غیر سیاسی اور بین الکلیسیائی مسیحی تنظیم ہے۔جس کا مقصد کلیسیاؤں کے ساتھ مل کر انجیل کا پیغام لٹریچر کے ذریعے ہر گھر تک پہنچانا ہے تاکہ لوگ حقیقی طور پر خُداوند یسُوع مسیح کو اپنا شخصی نجات دہندہ قبول کرتے ہوئے اپنی زندگی اُس کے سپرد کرسکیں۔



## ایوری ہوم فار کرائسٹ الٰہی رویا کے تحت!

- ★ خاندانوں اور کلیسیاؤں کو دُعا کی طرف راغب کرنے
- ★ اپنے ایمان اور اعمال سے خداوند یسوع کی گواہی دینے
- ★ عبادات اور تربیتی سیمینارز کے ذریعے حوصلہ افزائی کرنے
- ★ ایمانداروں کی روحانی ترقی اور برکت کے لئے لٹریچر ارسال کرنے
- ★ مایوس، فکر مند اور رد کیے ہوئے لوگوں کے ساتھ خُدا کی محبت کا عملی اظہار کرنے میں سرگرم عمل ہے۔

ہمارا ایمان ہے کہ ہماری یہ کوشش ملکِ پاکستان میں رُوحانی بیداری، تازگی و بالیدگی کا باعث بنے گی۔ آمین

# اپنے پڑوسیوں کے لیے دُعا کریں

مسیح کے نور کو عام کرنے سے پہلے دُعا میں عملی قدم کا آغاز اپنے پڑوسیوں سے کریں جہاں سے پھر وہ قوموں تک پھیل جائے گا۔اس لیے ضرور ہے کہ ہم اپنے آس پڑوس کے علاقہ کو مسیح کی محبت سے سیراب کریں۔ ذیل میں وہ نکات درج ہیں جن کی مدد سے آپ دُعا کا آغاز کرنے سے ''اپنی گلی کو روشن'' کر سکتے ہیں:

**دیکھنا** اپنی آنکھیں اُٹھا کر کھیتوں پر نظر کرو کہ فصل پک گئی ہے۔

اپنے علاقے کا نام لکھیں ۔۔۔۔ اور دُعا کریں۔ (یوحنا ۴:۳۵)

**چلنا** اپنے آس پڑوس کے علاقہ کی گلیوں، بازاروں میں وقتاً فوقتاً چہل قدمی کریں اور خاموشی سے اپنے پڑوسیوں کے لئے دُعا کریں۔

(یشوع ۱:۳، پیدائش ۱۳:۱۷)

**حمد وثنا کرنا** اپنے آس پڑوس کے علاقہ میں خُدا کی حمد وثنا کا اعلان کریں۔ زبور نویس کہتا ہے کہ ''خُدا اپنے لوگوں کی حمد وثنا پر تخت نشین ہے۔''

(زبور ۲۲:۳)

**جیتنا** اپنے پڑوسیوں کو یسوع مسیح کے پاس لانے کے طریقے ڈھونڈیں۔ (یسعیاہ ۴۱:۶)

## اپنے پڑوسیوں کی دیکھ بھال کریں

دُعا کے بعد، اب دیکھ بھال کرنے کا وقت ہے جو ہماری حکمتِ عملی کا دوسرا عملی قدم ہے، لوقا ۱۰: ۵۔۹ میں مسیح کے نمونہ پر غور کریں۔ یہاں اپنے پڑوسیوں کی دیکھ بھال کرنے پر جو زور دیا گیا ہے اس پر غور کریں۔

### اپنے پڑوسیوں کو برکت دیں

یسوع نے فرمایا ''جس گھر میں داخل ہو پہلے کہو کہ اس گھر کی سلامتی ہو''
(لوقا ۱۰:۵)

### اپنے پڑوسیوں کو جانیں

یسوع نے فرمایا ''اُسی گھر میں رہو اور جو کچھ ان سے ملے کھاؤ پیو''
(لوقا ۱۰:۷)

### اپنے پڑوسیوں کی مدد کریں

یسوع نے فرمایا ''وہاں کے بیماروں کو اچھا کرو۔۔۔'' (لوقا ۱۰:۹)

### اپنے پڑوسیوں کو بتائیں

یسوع نے فرمایا ''۔۔۔ خُدا کی بادشاہی تمہارے نزدیک آ پہنچی ہے''
(لوقا ۱۰:۹)

## اپنے پڑوسیوں کو انجیل سُنائیں

مسیح کا نور پھیلانے والے ہر ایک مسیحی کے لئے تیسرا عملی قدم یہ ہے کہ وہ مسیح کی محبت کو شخصی تعلقات کے ذریعے جہاں بھی وہ رہتا، کام کرتا یا پڑھتا ہے، دوسروں کے ساتھ بانٹے۔ ابتدائی کلیسیا نے اپنے گھروں کے نزدیک علاقوں اور بازاروں میں یہی کام کیا۔ (اعمال ۵:۴۲)

۱۔ مسیح کو دوسروں کے ساتھ بانٹنے کی دلیری حاصل کرنے کے لئے دُعا کریں کیونکہ خوف، گواہی کا سب سے بڑا دشمن ہے۔


۲۔ مسیح کو دوسروں کے ساتھ بانٹنے کے مواقع ڈھونڈیں، خُدا سے کہیں کہ وہ ان مواقع کو واضح کرے۔

۳۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ لوگوں سے تعلقات بڑھائیں۔ آج ہی سے شروع کریں۔ کسی بھی پڑوسی کو ''سلام'' کریں۔

۴۔ دوسروں کے ساتھ مسیح کو بانٹنے کا ایک جامع منصوبہ تیار کریں۔ خُدا سے کہیں کہ وہ اپنا منصوبہ آپ پر ظاہر کرے۔

### قوموں کے لیے فکر مند ہوں

تیسرے عملی قدم میں انجیل کو دور دراز علاقوں اور اپنے گرد و نواح میں دوسرے لوگوں کے ساتھ بانٹنا شامل ہے۔ شاید آپ کے پاس اپنے ملک کے دور دراز علاقوں میں جا کر کل وقتی مشنری خدمت سرانجام دینے کا بوجھ نہ ہو مگر آپ کسی دوسرے کو تو ''بھیج'' سکتے ہیں آپ کسی بھی ''بھیجے ہوئے'' خادم کے ذریعے اُن علاقوں میں مسیح کی محبت کو دوسرے لوگوں کے ساتھ بانٹ سکتے ہیں۔ (رومیوں ۱۰:۱۵)



دُعائیہ گھنٹہ
جو زندگی بدل کر رکھ دے
12
خُدا کی فطرت کو سمجھیں۔
زبور ۶۳:۳
1
خاموشی میں اپنی رُوح کو تابع کریں۔
زبور ۴۶:۱۰
2
ہیکل کی صفائی کا وقت
زبور ۱۳۹:۲۳-۲۴
3
کلام سے بھر پور دُعا۔
یرمیاہ ۱:۹
4
رُوحانی بیداری کی تیاری۔ کلسیوں ۴:۲
5
دُنیا کو یاد رکھیں۔
۱۔تیمتھیس ۲:۱،۲
6
شخصی ضروریات کو بانٹیں۔ متی ۷:۷
7
اپنی برکات کا اقرار کریں۔ ۱۔تھسلنیکیوں ۵:۱۸
8
گیتوں بھری حمد و ثنا۔
زبور ۱۰۰:۲
9
رُوحانی موضوعات پر سوچ بچار کریں۔
یشوع ۱:۸
10
رُوحانی ہدایات سُنیں۔
واعظ ۵:۲
11
حمد و تعریف
انتظار
اقرار
کلام کے مطابق دُعا
بیدار رہنا
شفاعت کرنا
مناجات
شکر گذاری
گیت گانا
دھیان گیان
سُننا
حمد و تعریف
انجیلِ مقدس
متّی ۲۶:۴۰-۴۱
ایک گھنٹے کو پانچ پانچ منٹ والے بارہ حصوں میں تقسیم کرنے سے آپ بلاناغہ ایک گھنٹہ دعا کر سکتے ہیں۔ ساتھ میں دیئے گئے نمونے کو
استعمال کرتے ہوئے قوموں، ذاتی تعلقات کے حامل لوگوں اور خود اپنی زندگی کے لئے دُعائیہ زنجیر کا سلسلہ شروع کریں۔